قبرص کے صدر ہندوستان کے سرکاری دورے پر (29-25 اپریل، 2017)

اپریل 24، 2017

(آئی این ایس انڈیا)

(1) جمہوریہ قبرص کے صدر عزت مآب جناب نکوس انستز یاڈیز ہندوستان کے صدر جناب پرنب مکھرجی کی دعوت پر 29-25 اپریل، 2017 سے ایک سرکاری دورے پر ہندوستان آئیں گے۔

(2) صدر انستز یاڈیز کا یہ ہندوستان کا پہلا دورہ ہے۔اس سے قبل انہوں نے ستمبر 2015 میں نیو یارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے الگ وزیر اعظم مودی کے ساتھ اہم ملاقات کی تھی۔

(3) دورے کے دوران، صدر انستز یاڈیز کا 25 اپریل کو ممبئی پہنچنے کا پروگرام ہے، وہاں وہ 25 اپریل کو مہاراشٹر کے گورنر سے ملاقات کریں گے اور 26 اپریل کو ایک کاروباری فورم سے خطاب کریں گے، وہ 26 اپریل کو دہلی روانہ ہوں گے، 27 اپریل کو وہ ایک بزنس فورم سے خطاب کریں گے اور آبزرور ریسرچ فاؤنڈیشن (او آر ایف) پر بات چیت کریں گے، 28 اپریل کی صبح، مہاتما گاندھی کی سمادھی پر گل پوشی کے بعد راشٹر پتی بھون میں انہیں ایک رسمی گارڈ آف آنر دیا جائے گا۔اس دن ان کی دیگر مصروفیات عزت مآب راشٹر پتی کے ساتھ ایک میٹنگ، جو صدر انستیز یاڈیز کے اعزاز میں ایک ضیافت کریں گے اور وزیر اعظم مودی کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت شامل ہے۔ مزید برآں، وزیر برائے امور خارجہ صدر انستیز یاڈیز سے ملاقات کریں گی، صدر انستیز یا 29 اپریل کی صبح دہلی سے روانہ ہو گے۔

(4) ہندوستان اور قبرص قریبی دوستانہ اور آزمودہ تعلقات سے لطف اندوز ہوتے ہیں، بہت سے عالمی مسائل پر دونوں ممالک خیالات میں یکسانیت رکھتے ہیں، تقریبا تمام قبرصی صدور ہندوستان کے سرکاری دورے پر آچکے ہین۔اکتوبر 2009 میں صدر پرتیبھا دیوی سنگھ پاٹل نے قبرص کا سرکاری دورہ کیا ہے۔قبرص اور ہندوستان مضبوط

اقتصادی تعلقات سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔قبرص مجموعی طور پر 9 بلین امریکی ڈالر سے زائد براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری کے ساتھ ہندوستان میں ایک اہم سرمایہ کار ہے،قبرص ہندوستان میں آٹھواں سب سے بڑا غیرملکی سرمایہ کار ہے اوراس نے اقتصادی معاہدہ، اسٹاک ایکسچینج، آٹو مینوفیکچر، مینوفیکچرنگ انڈسٹریز، رئیل اسٹیٹ، کارگو ہینڈلنگ، تعمیر، شاپنگ اور نقل وحرکت جیسے علاقوں میں سرمایہ کاری کی ہے۔ دواسازی، قابل تجدید توانائی، سیاحت اور فلم پروڈکشن جیسے شعبوں میں تعاون کی گنجائش بھی ہے۔بعض معاہدے/مفاہمت کی یادداشت زیرمذاکرات ہیں اور دورے کے دوران دستخط کئے جائیں گے۔

نئی دہلی

اپریل 24، 2017